( *Translation* )

# THE HYDERABAD FAMINE STKICKEN PATTADARS' PROPERTY PROTECTION ACT.

No. III of 1331 F.

*Sections.*

Preamble.

1. Short title, commencement and extent.

2. Definitions.

3. Right of pattadar to claim return of property sold on payment of sum.

4. Relief in case of execution of decree against famine-stricken pattadar.

# قانون

## تحفظ جائداد قحط زدہ پٹہ داران

ممالک محروسہ سرکار عالی
نشان (۳) ۱۳۳۱ف

دفعہ

تمہید

۱ ۔ مختصر نام وتاریخ نفاذ ووسعت مقامی۔

۲ ۔ تعریفات ۔

۳ ۔ پٹہ دار کا اختیار نسبت واپسی جائداد مبیعہ بعد ادائی رقم ۔

۴ ۔ قحط زدہ پٹہ دار کے مقابلہ میں تعمیل ڈگری کی صورت میں رعایت ۔

( *Translation* )

# THE HYDERABAD FAMINE-STRICKEN PATTADARS' PROPERTY PROTECTION ACT.

No. III of 1331 F.

(*Received the assent of H. E. H. the Nizam on 31st Amardad, 1331 F.*)

Preamble.

Whereas it is expedient to protect immovable property if the femine-stricken pattadars to a certain extent; It is hareby enacted as follows:—

Short title, commencement and extent.

1. (1) This Act may be called 'The Hyderabad Famine-Stricken Pattadars Property Protection Act.'

(2) This Act shall come into force in such places as the Govenrment may

# قانون

## تحفظ جائداد قحط زدہ پٹہ داران ممالک محروسہ سرکار عالی

نشان (۳) ۱۳۳۱ف

(بپیشگاہ اعلحضرت مدظلہم سے بتاریخ ۳۱/ امرداد ۱۳۳۱ف منظور ہوا ۔)

تمہید ۔ ہرگاہ قرین مصلحت ہے کہ قحط زدہ پٹہ داران کی جائداد غیر منقولہ کی ایک حد تک حفاظت کی جائے ۔ لہذا حسب ذیل حکم ہوتا ہے :۔

مختصر نام و تاریخ نفاذ و وسعت مقامی ۔

دفعہ ۔ (۱) ۔ یہ قانون بنام "قانون تحفظ جائداد قحط زدہ پٹہ داران ممالک محروسہ سرکار عالی" موسوم ہوسکے گا ۔

(۲) ۔ یہ قانون ان مقامات میں نافذ

( *Translation* )

specify by notification in the Jarida.

ہوگا جن کی صراحت سرکار عالی بذریعہ اعلان مندرجہ جریدہ کرے ۔

(3) This Act shall apply to the transfers made after such dates as the Government may have specified by notification in the Jarida.

(۳) ۔ یہ قانون ان انتقالات سے متعلق ہوگا جو ان تاریخوں کے بعد کئے جائیں جن کی سرکار عالی نے اعلان مندرجہ جریدہ میں صراحت کی ہو ۔

(4) Where the Government by a notification in the Jarida declare that a place has ceased to be famine-stricken, this Act shall not apply to the transfers made after the date of such declaration.

(۴) ۔ جب سرکار عالی بذریعہ اعلان مندرجہ جریدہ یہ حکم دے کہ کوئی مقام قحط زدہ نہیں رہا تو اس حکم کی تاریخ کے بعد جو انتقالات کئے جائیں ان سے قانون ہذا متعلق نہ ہوگا ۔

Definitions.

2. Unless there is anything repugnant in the subject or context,—

تعریفات ۔ دفعہ ۲ ۔ قانون ہذا میں بجز اس کے کہ مضمون یا سیاق عبارت اس کے خلاف ہو

(1) "Pattadar" includes a shikmi-pattadar and also includes a person having right of occupancy of a revenue-land;

(۱) "پٹہ دار" میں شکمی پٹہ دار داخل ہے اور اس میں ایسا شخص بھی داخل ہے جسے کسی اراضی مالگزاری کا حق مقابضت حاصل ہو ۔

(2) "Property" means the right of occupancy of a revenue-land and it shall include a dwelling and farm-house with land appertaining thereto.

(۲) "جائداد" سے اراضی مالگزاری کا حق مقابضت مراد ہے اور اس میں مکان سکونت

( *Translation* )

**Right of Pattadar to claim return of property sold on payment of sum.**

3. (1) Where a Pattadar has sold a property during the dates notified under sub-section (3) and (4) of section 1, he shall have the right within three years from the date whence it no longer remained a famine-stricken place to deposit the sale-proceeds together with 5 per cent thereof and claim to return the property sold.

(2) When a claim is made under sub-section (1) the court shall send a notice to the defendent and after giving a hearing to him an order shall be passed for the return of the property.

**Relief in case of execution of decree against famine-stricken pattadar.**

4. When a place is declared famine-stricken under section 1 and an application for the execution of a decree is filed against the pattadar the Court shall refuse to execute the decree against such moveble and immovable pro-



اور کوٹھہ مع اراضی متعلقہ داخل ہوں گے ۔

**پٹہ دار کا اختیار نسبت واپسی جائداد مبیعہ بعد ادائی رقم ۔**

دفعہ ۳ ۔ (۱) ۔ جب کسی پٹہ دار نے ان تاریخوں کے مابین جن کا اعلان حسب دفعہ ۱ ضمن (۳) و (۴) کیا گیا ہو کوئی جائداد بیع کی ہو تو اُس کو اختیار ہوگا کہ اُس تاریخ سے جب وہ مقام قحط زدہ نہ رہا ہو تین سال کے اندر زر ثمن مع پانچ فیصدی کے دعویٰ کے ساتھ داخل کرکے جائداد مبیعہ کی واپسی کا دعویٰ کرے ۔

(۲) ۔ جب حسب ضمن (۱) دعویٰ کیا جائے تو عدالت فریق ثانی کو اس کی اطلاع دے گی اور اُس کے عذرات کی سماعت کرنے کے بعد جائداد کی واپسی کا حکم صادر کیا جائے گا ۔

**قحط زدہ پٹہ دار کے مقابلہ میں تعمیل ڈگری کی صورت میں رعایت ۔**

دفعہ ۴ ۔ جس زمانہ میں کہ کوئی مقام قحط زدہ حسب دفعہ ۱ قرار دیا گیا ہو اُس زمانہ میں پٹہ دار کے مقابلہ میں اگر کسی ڈگری کی

*( Translation )*

perty of the pattadar as the court may, in view of the conditions of the pattadar, think proper.



تعمیل کی درخواست پیش ہو تو عدالت پٹہ دار کی ایسی جائداد منقولہ یا غیر منقولہ کے مقابلہ میں ڈگری کی تعمیل کرنے سے انکار کرسکے گی جو پٹہ دار کی حالت کے لحاظ سے عدالت مناسب خیال کرے ۔